انتظامی وفنی اعتبار سے اس میں معین ثابت ہوئے۔محترم برادرم مولانا محمد ابراہیم سکھر گاہی اس شاندار محنت وکاوش کے اجراء پہ لائق صد مبارک باد کے ساتھ خراج تحسین کے مستحق بھی ہیں، مولانا سمیت دیگر تمام احباب ورفقاے وفاق کو اللہ تعالی اپنی شان کے مطابق اجر عطا فرمائے، اور ہمارے اکابر وفاق کو بھی خوب نوازے جو اس طرح کے امور کی سرپرستی فرماتے ہوئے حوصلہ افزائی بھی فرماتے ہیں۔

بخاری شریف کے حفظ کا منفرد اعزاز

مولانا ڈاکٹر سیف الرحمٰن......حیدرآباد

وفاق المدارس العربیہ سے ملحقہ جامعہ کی دو فاضلات نے بخاری شریف کی احادیث کو حذف تکرار کے ساتھ حفظ کرنے کا اعزاز حاصل کرلیا۔گزشتہ جمعہ وفاق المدارس سے ملحق جامعہ اور قدیم امتحانی سینٹر جامعہ مجیدیہ حماد العلوم گول مسجد پنوں عاقل ضلع سکھر میں تکمیل بخاری شریف للبنات کا عظیم الشان اجتماع منعقد ہوا اس موقع پر جامعہ کی دو خوش نصیب طالبات کو حاصل ہونے والے منفرد اعزاز کا بھی اعلان کیا گیا جنہوں نے بخاری شریف حفظ کرکے دورِ حاضر میں اپنے اکابر واسلاف میں احادیث حفظ کرنے والی عالمات وفاضلات کی درخشندہ تاریخ کی یاد تازہ کردی ہے۔اجتماع میں یادگار اسلاف حضرت مولانا نعیم اللہ صاحب آف کوٹ سینٹرل نے بخاری کی آخری حدیث کا درس دیا اور وفاق المدارس صوبہ سندھ کے سابق ناظم اور مسئول مولانا ڈاکٹر سیف الرحمٰن، سکھر کے مسئول مولانا جمیل احمد بندھانی اور خطیب اسلام مولانا ظہور احمد میمن اور دیگر علماء کرام نے مدارس کی علمی ودینی خدمات پر روشنی ڈالی۔علماء نے کہا کہ وفاق کی چھتری تلے مدارس دینیہ کا ایک منظم ومربوط نظام اللہ رب العزت کی طرف سے اسلامیان پاکستان کے لیے بالخصوص اور پوری امت مسلمہ کے لیے بالعموم خداوندی رحمت ونعمت ہے۔وفاق کے سالانہ امتحان کے دوران عصری تعلیمی اداروں کے سربراہان، ججز، صحافی برادری کے نمایندوں نے وفاق کے امتحانی نظام کو ایک مثالی نظام قرار دیا ہے۔آخر میں جامعہ کے مہتمم مولانا ضمیر احمد اور دیگر علماء نے وفاق کے صدر حضرت مولانا ڈاکٹر عبدالرزاق اسکندر مدظلہم، ناظم اعلیٰ قاری محمد حنیف جالندھری مدظلہم سے درخواست کی کہ احادیث حفظ کرنے والی طالبات کو وفاق کی طرف سے تعریفی اسناد جاری کی جائیں تاکہ پورے ملک میں حفظ حدیث کا رجحان پیدا ہو۔اجتماع میں ایک مقامی تاجر نے دونوں فاضلات کے لیے طلائی زیور کی انگوٹھیاں انعام دینے کا اعلان بھی کیا۔